© rasailojaraid.com



پر ہونے والے کام کی فہرست شامل ہے۔

الغرض سیرت پر اردو زبان میں یہ ایک مستند اور قیمتی ذخیرہ ہے جو عاشقانِ رسول کو ہاتھوں ہاتھ لینا چاہئے اور اس کو اپنے زیرِ مطالعہ رکھنا چاہئے، اس نمبر کی اشاعت پر مدیر جناب مولانا ڈاکٹر حافظ سید عزیز الرحمٰن مبارک باد کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ سرورق اور طباعت کے ساتھ ساتھ کاغذ میں بھی عمدگی کا خیال رکھا گیا ہے۔

---

نام کتاب: فہرست کتب، نعت لائبریری شاہدرہ

ترتیب چودھری محمد یوسف ورک قادری

ناشر: نعت پبلی کیشنز، ۵۔ راجا کالونی، عقب تھانہ شاہدرہ۔ لاہور

صفحات: ۲۵۱

قیمت: ۲۰۰ روپے

تبصرہ نگار: ولی حسینی

زیرِ نظر کتاب نعت لائبریری شاہدرہ کی فہرست کتب پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب اس سے قبل شائع ہو چکی ہے، اب اس کا نیا ایڈیشن سامنے آیا ہے، جو نقش اول سے فنی اور کمیتی اعتبار سے بہتر ہے۔

اس فہرست میں دو طرح کی کتب شامل ہیں۔ حصہ اول میں ان کتب کا اندراج کیا گیا ہے جو اس لائبریری میں موجود ہیں، اور حصہ دوم میں مطلوب کتب کے عنوان کے تحت ایسی کتب کا اندراج کیا گیا ہے جن کے بارے میں مرتب کو علم ہو سکا ہے۔ یہ حصہ قدرے طویل بھی ہے۔

حصہ اول میں باب اول کتب حمد کے تحت ۴۴۔ باب دوم میں کتب مجموعہ نعت کے تحت ۵۴۲۔ باب سوم میں (جسے غلطی سے باب ۲ لکھا گیا ہے) کتب انتخابِ نعت کے تحت ۱۱۶۔ باب چہارم میں متعلقات نعت و منظوم سیرت کے تحت ۱۱۹۔ باب پنجم میں پشتو کتب نعت کے تحت ۱۴۔ باب ششم میں سندھی کتب نعت کے تحت ۷ اور باب ہفتم میں حصہ پنجابی حمد، نعت اور متعلقات کے تحت ۱۰۵ کتب کا اندراج کیا گیا ہے۔ البتہ کتاب کے دونوں حصوں میں بعض ایسی کتب کا اندراج ہو گیا ہے جو نعت اور فن نعت سے تعلق نہیں رکھتیں۔

اس قسم کی فہرستیں اپنے محدود دائرے کے باوجود کافی افادیت رکھتی ہیں، اس بنا پر مرتب تبریک کی مستحق ہیں۔

© rasailojaraid.com